نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

10 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

416/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

حقائق نامہ

پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر امریکہ کا ردعمل

امریکہ نے 29 جولائی کو آنے والے المناک اور تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان کی جانب سے امداد کی اپیل پر اپنے فوری اور فراخدلانہ ردعمل کا اظہار کیا۔ ہمارا ردعمل ہماری انسانی اقدار اور پاکستان کے ساتھ ہماری گہری وابستگی سے ہم آہنگ ہے۔ پاکستان کیلئے امریکی امداد میں مالی اعانت اور ضروری اشیاء کی فوری سپلائی کے علاوہ وہ خدمات بھی شامل ہیں جو امریکہ کی منفرد صلاحیتوں کی مرہون منت ہیں۔

تازہ ترین پیش رفت:

☆ امدادی اور جان بچانے والی کارروائیوں میں معاونت فراہم کرنے والے امریکی فوجی ہیلی کاپٹروں نے آج دوبارہ اپنی سرگرمیاں شروع کر دیں اور تقریباً 916 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا اور 89,000 پاؤنڈز امدادی سامان متاثر علاقوں میں پہنچایا۔

☆ آج شام ایک بوئنگ۔747 طیارہ پلاسٹک شیٹس کے 1,100 رول اور 17,000 کمبل لے کے اسلام آباد پہنچا۔ پلاسٹک کی ان شیٹس سے لگ بھگ 11,100 خاندانوں یا 66,000 افراد مستفید ہوں گے۔ یہ سامان سیلاب زدہ علاقوں میں تقسیم کرنے کیلئے فوری طور پر صوبہ پنجاب بھجوا دیا جائے گا۔

☆ امریکہ اب تک خوراک کے عالمی پروگرام کے اشتراک سے 8,500 16 افراد کو ایک مہینے کا راشن فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ کے تعاون سے اس وقت روزانہ کی بنیاد پر 20,000 افراد کو کھانے پینے کی اشیاء فراہم کی جا رہی ہیں۔

امریکہ کی اب تک کی اعانت:

☆ چھ امریکی فوجی ہیلی کاپٹروں نے 5 اگست کو پاکستان میں انسانی بنیادوں پر امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ اب تک ان ہیلی کاپٹروں نے سیلاب میں پھنسے ہوئے 2,305 افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا اور 211,000 پاؤنڈ وزنی اشیاء متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں۔

☆ امریکہ کی جانب سے سیلاب سے متاثر ہونے والی آبادیوں کی مدد کیلئے اب تک کل مالی امداد کا حجم 35 ملین ڈالر سے زیادہ ہو گیا ہے۔ یہ رقم یو ایس ایڈ کی وساطت سے بین الاقوامی تنظیموں اور مستند پاکستانی این جی اوز کے ذریعے سیلاب سے بے گھر ہونے والے لوگوں کو خوراک، صحت کی سہولیات

اور سر چھپانے کے ٹھکانے فراہم کرنے کیلئے خرچ کی جارہی ہے۔

☆ پاکستانی وزارت داخلہ کے 50 ویں فضائی اسکواڈرن کے حوالے کئے گئے امریکی ہیلی کاپٹرز اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور انھوں نے 1005 افراد کی جانیں بچائیں اور سیلاب سے متاثرہ لوگوں تک 43,973 پاؤنڈ وزنی امدادی اشیاء پہنچائیں۔

☆ 436,000 سے زائد حلال کھانے پاکستان کے سول اور فوجی حکام کے حوالے کئے گئے، جن کی قیمت 3.25 ملین ڈالر ہے۔

☆ پشاور میں پاکستان ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے حوالہ کئے گئے سامان میں مجموعی طور پر زندگی بچانے والی 18 زوڈیک کشتیاں، 6 واٹر فلٹریشن یونٹس، 10 پانی محفوظ کرنے کے بڑے مشکیزے (ان میں سے ہر ایک روزانہ 10 ہزار افراد کو صاف پانی فراہم کرنے کی صلاحیت کا حامل ہے) اور کنکریٹ کاٹنے کے 30 آرے شامل ہیں جن کی مالیت 746,000 ڈالر ہے۔

☆ پشاور اور کرم ایجنسی میں سیلاب سے تباہ ہونے والے شاہراہوں کے پلوں کی جگہ عارضی طور پر نصب کرنے کیلئے فولاد کے 12 تیار شدہ پل فراہم کئے گئے ہیں، جن کی مالیت 3.2 ملین ڈالر ہے۔ سیلاب میں امدادی کارروائیوں میں مدد دینے کیلئے صوبہ خیبر پختونخوا میں فرنٹیئر اسکاؤٹس کو 25 کلوواٹ کا ایک جنریٹر فراہم کیا گیا ہے، جس کی مالیت تقریباً 30 ہزار ڈالر ہے۔

نجی شعبے کی طرف سے ردعمل:

☆ امریکی عوام ایم گیو (mGive) کے ساتھ کام کرتے ہوئے ٹیکسٹ میسیجنگ کیلئے نمبر 50555 پر لفظ SWAT کے ذریعے پاکستان میں سیلاب کی امدادی کارروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ پیغام بھیجنے کے نتیجہ میں اس امریکی شہری کا دس ڈالر کا عطیہ پاکستان میں اقوام متحدہ کے ہائی کمیشن برائے پناہ گزین تک پہنچ جائے گا۔ ہر دس ڈالر کی مدد کے ذریعہ بے گھر خاندانوں کو خیمے اور ہنگامی امداد فراہم کی جائے گی۔

☆ حکومت پاکستان اور پاکستان سیلولر فون انڈسٹری نے پاکستانی عوام کو دعوت دی ہے کہ وہ وزیراعظم کے فنڈ برائے فلڈ ریلیف کیلئے فون نمبر 1234 پر بذریعہ ٹیکسٹ میسیج چندہ دیں۔ یہ سلسلہ 5 اگست سے شروع کردیا گیا ہے۔

☆ خیبر پختونخوا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے پشاور، نوشہرہ اور چارسدہ میں 300 مکانات کی تعمیر نو کیلئے ایک کیش فار ورک پائیلٹ پراجیکٹ شروع کیا ہے۔ اگر یہ منصوبہ کامیابی سے ہمکنار ہوتا اسے توسیع دے کر 5,000 گھروں کی تعمیر نو کی جائے گی۔

☆ لاہور میں واقع امریکن بزنس فورم نے کوکا کولا، انوائرنمنٹ کنسلٹینسیز اینڈ آپشنز، لیوی اسٹراس پاکستان، کابانی اینڈ کمپنی، جنرل الیکٹرک، مونسانٹو ایگری ٹیک، البار یو انجنیئرنگ اور نیسٹول ٹیکنالوجیز سے عطیات اکٹھے کئے ہیں۔

☆ پراکٹر اینڈ گیمبل نے نقد رقوم اور سامان کی صورت میں 455,000 ڈالر کا عطیہ دیا ہے جس میں پانی صاف کرنے والی چالیس لاکھ گولیاں PUR بھی شامل ہیں جو پانی کو قابل استعمال بناتی ہیں۔

☆ عالمی امریکی ادویہ ساز کمپنی ایبٹ لیبز نے سیلاب زدگان کیلئے نقد رقم اور ساز و سامان کی شکل میں 83 ہزار ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں